کارکن کی قدر شناسی

57

باہمی اعتماد اور اجتماعی اقدار اور ایمان انسانی رویوں کو جنم دینے اور ان کی تشکیل میں بڑے معاون ہوتے ہیں۔ کارکن کی قدر شناسی' اس کے جذبات اور کارکردگی کی صداقت کا اقرار مثبت انسانی رویے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ لیکن بسا اوقات دوسرے کے اچھے کام کی تعریف اور اس کا برملا اعتراف بذاتِ خود اچھے کام کے کرنے کی نسبت زیادہ مشکل محسوس ہوتا ہے۔ کارکن کی محنت کا اعتراف اپنی ساخت یا ادایگی کے انداز سے بڑی قدر و قیمت رکھتا ہے۔ کارکن اس کے عوض کسی مالی منفعت کا طلب گار نہیں ہوتا بلکہ اپنے قائدین کی قبولیت اور پسندیدگی کا متمنی ہوتا ہے جو قیادت کی اعلیٰ ظرفی اور کھلے پن کی عکاسی کرتا ہے۔ کارکن کی صلاحیتوں کے اعتراف اور قدر شناسی کے لیے درج ذیل طریقے اپنائے جاسکتے ہیں:

۱- اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ :(اللہ تعالیٰ اضافہ فرمائے' مزید اضافہ فرمائے)۔
۲- مجھے فخر ہے کہ آپ میری ٹیم کے رکن ہیں۔
۳- ایک مشکل اور پیچیدہ کام ذمہ داری سے سرانجام دینے پر آپ کا شکریہ۔
۴- آپ کا ساتھ پوری ٹیم کے لیے حوصلہ افزا ہے۔
۵- مشکل لمحات میں آپ میرے لیے بڑے مفید اور معاون ثابت ہوئے ہیں۔
۶- بہت خوب' بہتری کا سفر جاری رکھیں۔
۷- آپ کی مسلسل اور ان تھک کوششوں کا شکریہ۔
۸- آپ کی مستقل مزاجی' ثابت قدمی پر آپ کا شکریہ۔
۹- آپ واقعی کام کے دھنی ہیں۔

ان الفاظ کی ادایگی کے لیے آپ موقع محل کے لحاظ سے درج ذیل ذرائع استعمال کرسکتے ہیں:

- فون کے ذریعے تعریفی کلمات
- خصوصی طور پر اس کے گھر جا کر
- اپنے خاص لوگوں کی فہرست میں شامل کر کے
- کوئی ایسا پروجیکٹ یا ذمہ داری دے کر جو آپ کے اعتماد اور بھروسے کی علامت تصور کیا جائے
- ایسے مواقع فراہم کریں جس سے اس کی مخفی صلاحیتوں کو مزید اُبھرنے کا موقع ملے
- تنظیمی مناصب کے حوالے سے اہم ذمہ داری جو اس پر آپ کے اعتماد کی عکاسی کرتی ہو

سنابل العلم